**21.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے وراثت سے متعلق عالمی کمیٹی کے 46 ویں اجلاس کا افتتاح کیا۔ انھوں نے اعلان کیا کہ بھارت، یونیسکو کے عالمی ورثے کے مرکز کیلئے 10 لاکھ ڈالر کا تعاون جاری رکھے گا۔

☆ مرکزی وزیر کرن رجیجو نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل بلائی گئی کُل پارٹی میٹنگ کے بعد کہا ہے کہ حکومت کسی بھی معاملے پر کھلے دل سے بحث مباحثے کیلئے تیار ہے۔

☆ مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی حکومت نے، دودھ کا پاؤڈر، ذرا بھی در آمد نہیں کیا ہے اور نہ ہی وہ در آمد کرے گی۔

☆ مرکز نے کیرالہ سرکار سے کہا ہے کہ وہ پھیلتے ہوئے نِپاہ وائرس پر قابو پانے کیلئے صحتِ عامہ کے، فوری اقدامات کرے۔

☆ اور...... خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کرکٹ میں سری لنکا کے شہر دامبولا میں، بھارت نے، متحدہ عرب امارات کو 78 رن سے ہرادیا۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM World Heritage

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں وراثت سے متعلق عالمی کمیٹی کے 46 ویں اجلاس کا افتتاح کیا۔ بھارت اِس کمیٹی کی میٹنگ کی پہلی بار میزبانی کر رہا ہے۔ یہ میٹنگ، اِس مہینے کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔

اِس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ بھارت، عالمی تعاون کو فروغ دینے اور وراثت کو تحفظ دینے کی کوششوں کے تئیں مقامی برادریوں کو سرگرم کرنے کا پابند ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی وراثت، نہ صرف ایک تاریخ ہے بلکہ ایک سائنس بھی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے برسوں میں حکومت نے بھارت کے، 350 سے زیادہ قدیم وراثتی مقامات کو بحال کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ میٹنگ بھارت میں منعقد ہو رہی ہے جو دنیا کی قدیم ترین زندہ تہذیبوں میں سے ایک ہے۔

وزیر اعظم مودی نے اعلان کیا کہ بھارت، یونیسکو، کے وراثت سے متعلق عالمی مرکز کیلئے 10 لاکھ ڈالر کا تعاون جاری رکھے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ رقم صلاحیت سازی، تکنیکی مدد اور عالمی وراثتی مقامات کے تحفظ کیلئے استعمال کی جائے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ اِس امدادی رقم کا استعمال خاص طور پر عالمی جنوب کے ملکوں کیلئے کیا جائے گا۔وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کی نظر، ترقی اور ریاست پر ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ شمال مشرق کے مقبروں کو، یونیسکو کی عالمی وراثت کی فہرست میں شامل کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ، دنیا کا 43 واں اور شمال مشرقی بھارت کا پہلا عالمی وراثتی مقام ہوگا۔

اِس موقع پر ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ اِس سے بھارت کی مالا مال ثقافت، وراثت اور تنوع کو بین الاقوامی اور قومی مندوبین کیلئے نمایاں کرنے کا ایک موقع فراہم ہوگا۔اِس میٹنگ میں 150 سے زیادہ ملکوں کے 2 ہزار سے زیادہ بین الاقوامی اور قومی مندوبین شرکت کریں گے۔

## All Party Meeting

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل شروع ہونے سے پہلے، حکومت نے آج اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے ایک کُل پارٹی میٹنگ بلائی کہ دونوں ایوانوں کی کارروائی خوش اسلوبی سے جاری رہے۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ حکومت، کسی بھی معاملے پر کھلے دل سے بحث مباحثے کیلئے تیار ہے۔ انھوں نے زور دے کہا کہ یہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ پارلیمنٹ کا کام کاج، خوش اسلوبی سے چلنے دیں۔ جناب رجیجو نے، پارٹیوں کے ایوان کے اُن رہنماؤں کے تئیں بھی شکریے کا اظہار کیا، جنھوں نے قابل قدر تجاویز پیش کیں۔ انھوں نے ہر ایک سے درخواست کی کہ وہ بجٹ اجلاس کے دوران خوش اسلوبی سے کام کاج چلانے میں تعاون دے۔

میٹنگ کے دوران کانگریس نے مطالبہ کیا کہ NEET سوالنامے کے مبینہ افشا سے متعلق کیس، ریلوے سلامتی، اگنی ویر اسکیم، مرکز- ریاست تعلقات اور منی پور نیز جموں وکشمیر میں حفاظتی صورتحال وغیرہ پر بات چیت کی جائے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں پارٹی رہنما جے رام رمیش نے خاص طور پر کہا کہ اُن کی پارٹی نے بھی مطالبہ کیا تھا کہ ملک میں معیشت سے متعلق معاملات پر بحث ہونی چاہیے۔

مرکزی وزراء، کانگریس، این سی پی، ڈی ایم کے، عام آدمی پارٹی اور AIMIM کے مرکزی وزیروں نے میٹنگ میں شرکت کی۔

کل بجٹ اجلاس کے پہلے دن وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، پارلیمنٹ میں اقتصادی جائزہ پیش کریں گی۔ وہ منگل کو لوک سبھا میں 2024-25 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ امید ہے کہ حکومت اِس اجلاس کے دوران چھ نئے بل پیش کرے گی۔x

## NEET UG Students

NEET-UG 2024 کے امتحان میں کُل 23 لاکھ سے زیادہ طلبا نے امتحان دیا اور اِن میں سے دو ہزار 321 نے 700 یا اِس سے زیادہ نمبر حاصل کئے۔ سرکاری ذرائع نے کہا ہے کہ اِن طلبا نے ملک بھر میں اور بیرونِ ملک ایک ہزار 404 مراکز پر امتحان دیا۔ یہ مراکز 25 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 276 شہروں میں واقع ہیں۔ NEET-2024 کے امتحان میں ایک سے 100 کے درمیان مقام حاصل کرنے والے امیدوار 56 شہروں اور 95 مراکز پر امتحان میں بیٹھے تھے، جبکہ NEET-UG 2023 کے امتحان میں جن امیدواروں نے 700 سے 720 کے درمیان نمبر حاصل کئے وہ 116 شہروں اور 310 مراکز پر امتحان میں بیٹھے تھے۔

## Delhi Police Kanwar Yatra

دلّی پولیس نے کَل سے شروع ہونے والی کانوڑ یاترا سے پہلے ٹریفک اڈوائزری جاری کی ہے۔ ہر سال بڑی تعداد میں کانوڑ یاتری دلّی پہنچتے ہیں اور اِن میں سے کچھ دلّی سرحد کے راستے ہریانہ اور راجستھان جاتے ہیں۔ اِس سال کانوڑ یاتریوں کی تعداد تقریباً 15 سے 20 لاکھ ہونے کی توقع ہے۔ اِس مدت کے دوران کانوڑ یاترا اور سڑک کے کنارے کانوڑ یاتریوں کے کیمپوں کے قیام کے سبب کئی مقامات پر ٹریفک میں خلل پڑتا ہے، لہٰذا دلّی ٹریفک پولیس نے عام لوگوں اور عقیدتمندوں کی مشکلات کو کم کرنے کیلئے کانوڑ یاتری اور سڑک کا استعمال کرنے والے دوسرے لوگوں کو الگ کرنے کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔ پولیس نے کہا ہے کہ آؤٹر رِنگ روڈ پر جی ٹی کرنال روڈ سے آنے والی سٹی بسوں کو چھوڑ کر بھاری کمرشیل ٹرانسپورٹ موٹرگاڑیوں کو NH-24 کی جانب منتقل کردیا جائے گا۔
اُنھیں وزیرآباد روڈ اور شاہدرہ کی جانب، جی ٹی روڈ پر جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ مشکلات اور تاخیر سے بچنے کیلئے اپنے سفر کا پیشگی منصوبہ بنائیں۔x

## Uttarakhand Kanwar

اُتراکھنڈ میں کانوڑ یاترا کَل سے شروع ہو رہی ہے۔ یہ یاترا ہر سال ساون کے مہینے میں کی جاتی ہے۔
ہر سال ہری دوار کے آس پاس کی ریاستوں سے بڑی تعداد میں عقیدتمند وہاں پہنچتے ہیں اور بہت سے عقیدتمند دریائے گنگا سے مقدس پانی لیکر اُترکاشی ضلع میں Gaumukh جاتے ہیں۔
ریاستی سرکار نے کانوڑ یاترا کے پُرامن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی کے وسیع تر انتظامات کیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے بتایا کہ سرکار اور انتظامیہ نے یاترا کیلئے اچھی طرح سے انتظامات کئے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ اِس یاترا میں شرکت کرنے والے عقیدتمندوں پر ہیلی کاپٹروں سے پھول برسانے کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ کانوڑ یاترا شِوا کے عقیدتمندوں کی سالانہ یاترا ہے۔
یہ عقیدتمند کانوڑیے کہلاتے ہیں جو اتراکھنڈ میں یاترا کے مقدس مقامات مثلاً ہری دوار، Gaumukh اور گنگوتری سے دریائے گنگا سے مقدس جل لے کر آتے ہیں۔x

## Haryana Internet Service

ہریانہ سرکار نے، نوح ضلع میں، یہ Brajmandal Jalabhishek یاترا کے پیش نظر آج شام 6 بجے سے کل شام 6 بجے تک انٹرنیٹ خدمات معطل کر دی ہیں۔ پولیس سپرنٹنڈینٹ وجے پرتاپ نے بتایا کہ انٹرنیٹ خدمات، حفاظتی اقدامات کے طور پر معطل کی گئی ہیں اور ضلع میں راستوں میں تبدیلی سے متعلق ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔کل ریواڑی رینج کے IG راجیندر کمار نے نلہ ہریشور مندر، جِھرکھیشور مندر اور شرنگیشور مندر کا، انتظامات کے نظریے سے جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ RAF عملہ، ہریانہ پولیس اور ہوم گارڈ کا عملہ، بڑی تعداد میں تعینات کیا جائے گا اور ڈرون کیمروں کی مدد سے علاقے پر گہری نظر رکھی جائے گی۔ x

## Amit Shah Pune

آنے والے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کی آمد سے پہلے بی جے پی کے سینئر رہنما امت شاہ نے شرد پوار اور اُدھوٹھاکرے کی سخت تنقید کی ہے۔ اپوزیشن کی نکتہ چینی کرتے ہوئے جناب شاہ نے دعویٰ کیا کہ شرد پوار نے بدعنوانی کو منظّم شکل دے دی ہے۔ پونے میں پارٹی کے ریاستی یونٹ کے جنرل کنوینشن کے اختتامی اجلاس میں جناب شاہ نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ BJP کی قیادت والا عظیم اتحاد مہاراشٹر کے آنے والے اسمبلی انتخابات میں اب تک کی سب سے بڑی جیت حاصل کرے گا اور حکومت تشکیل دے گا۔ انھوں نے پارٹی کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ نہ صرف BJP کی جیت کیلئے متحد ہوکر کام کریں بلکہ مہایوتی سرکار کی تشکیل کیلئے شیوسینا اور NCP اتحادیوں کیلئے بھی کام کریں۔ مراٹھا ریزرویشن معاملے پر جناب شاہ نے کہا کہ یہ BJP سرکار ہی ہے جس نے 2014 اور 2019 کے درمیان اپنی حکومت کے دوران مراٹھا برادری کو ریزرویشن دیا۔

انھوں نے دعویٰ کیا کہ اگر مہاوکاش سرکار دوبارہ برسرِاقتدار آگئی تو وہ ریزرویشن کو دوبارہ ختم کردے گی۔ جناب شاہ نے اِس بات کی وضاحت کی کہ نریندر مودی سرکار نے گذشتہ 10 برس میں ایک گرام بھی دودھ پاؤڈر درآمد نہیں کیا ہے اور انھوں نے یقین دلایا کہ آئندہ پانچ برس میں دودھ کا پاؤڈر دوبارہ درآمد نہیں کیا جائے گا۔ انھوں نے BJP کی قیادت والی NDA سرکار پر دودھ کا پاؤڈر درآمد کرنے کا الزام لگانے پر شرد پوار کی بھی نکتہ چینی کی۔

جناب شاہ نے کہا کہ UPA سرکار نے دودھ کا پاؤڈر درآمد کرنے کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا تھا اور شرد پوار اُس وقت زراعت کے وزیر تھے۔ انھوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ انتخابات جیتنے کیلئے اپوزیشن کی جانب سے پھیلائے جانے والے جھوٹ کے مغالطے میں نہ آئیں۔x

## Rev. Kerala Niphah Virus

مرکز نے کیرالہ سرکار کو مشورہ دیا ہے کہ وہ Niphah وائرس کو پھیلنے سے روکنے کیلئے فوری طور پر صحت عامہ سے متعلق اقدامات کرے۔

کیرالہ کے Malappuram ضلع سے تعلق رکھنے والے ایک 14 سالہ لڑکے کی جس کا Niphah وائرس انفیکشن کیلئے علاج چل رہا تھا آج موت ہوگئی۔ اس معاملے کی چھان بین میں ریاست کی مدد کرنے کی غرض سے

صحت کی مرکزی وزارت کے نیشنل وَن ہیلتھ مشن کی ایک کثیر رُکنی مشترکہ ٹیم تعینات کی جائے گی۔ وزارت نے اِس بات کا ذکر کیا کہ کیرالہ میں پہلے بھی Niphah وائرس بیماری پھیلی ہے اور 2023 میں کوزی کوڈ ضلع میں یہ بیماری پھیلی تھی۔ پھل کھانے والی چمگادڑ عام طور پر یہ وائرس پھیلاتی ہے۔ جب انسان چمگادڑ کا کھایا ہوا پھل غیر شعوری طور پر کھاتا ہے تو اُسے یہ بیماری ہوجاتی ہے۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے گجرات میں آج سے 25 تاریخ تک اور اتراکھنڈ میں آج اور کل کیلئے کہیں کہیں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے یہ بھی پیشگوئی کی ہے کہ آئندہ پانچ دنوں میں کونکن اور گوا، وسطی مہاراشٹر، گجرات اور مدھیہ پردیش کے بعض مقامات پر بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

## Mumbai Rescue

مہاراشٹر میں نوی ممبئی کی بیلا پور پہاڑی میں، موسلا دھار بارش کی وجہ سے، جو 60 سیاح پھنس کر رہ گئے تھے، اُنھیں آج دوپہر بچا لیا گیا۔ نوی ممبئی میونسپل کارپوریشن نے بتایا ہے کہ فائر بریگیڈ، پولیس اور نوی ممبئی کے، قدرتی آفات سے نمٹنے والے عملے کی ٹیمیں، جائے حادثہ پر فوری طور پر پہنچ گئیں اور رسّیوں کا استعمال کرتے ہوئے بچاؤ کارروائی انجام دی۔ اس نے بتایا کہ کچھ لوگ تُربھے علاقے میں ایک کارخانے کے پیچھے پانی میں پھنسے رہ گئے تھے، اُنھیں بھی محفوظ طریقے سے نکالنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔اسی دوران آج لگاتار چوتھے دن بھی نوی ممبئی میں موسلادھار بارش جاری رہی۔

## India Embassy Laos

Laos میں بھارتی سفارتخانے نے لاؤس میں سائبر سے متعلق گھپلے کے مراکز سے 13 بھارتیوں کو بچایا اور اُن کی بحفاظت وطن واپسی کو یقینی بنایا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سفارتخانے نے بتایا کہ اب تک وہ 518 بھارتیوں کو بچا چکا ہے۔ سفارتخانے نے اس معاملے میں تعاون کیلئے لاؤس کے حکام کا شکریہ ادا کیا۔ اس نے لاؤس آنے والے بھارتی کارکنوں سے زور دے کر کہا کہ وہ سائبر گھپلوں کے ذریعے غیرقانونی ملازمتوں کی فرضی پیشکش کے جھانسے میں آکر اپنی سلامتی کو خطرے میں نہ ڈالیں۔

## Rev. Bangladesh SC Quota

بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ نے سرکاری نوکریوں میں مقرر کئے گئے زیادہ تر اُس کوٹے کو آج ختم کردیا جس کی وجہ سے پولیس اور یونیورسٹی طلبا کے درمیان ملک گیر سطح پر تصادم ہوئے اور 100 سے زیادہ جانیں تلف ہوئیں۔ عدالت عالیہ نے فیصلہ سنایا ہے کہ 1971 کے مجاہدین آزادی کے رشتے داروں کو 30 فیصد کی بجائے اب سول سروس نوکریوں میں محض پانچ فیصد نوکریاں دی جائیں گی۔ یونیورسٹی کے طلبا کوٹہ نظام کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ انھوں

نے اسے تفریق پر مبنی قرار دیا ہے۔ 2018 میں وزیر اعظم شیخ حسینہ کی سرکار نے کوٹہ نظام کو منسوخ کردیا تھا لیکن نچلی عدالت نے پچھلے مہینے اِسے بحال کردیا جس کے بعد احتجاج کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ بنگلہ دیش میں جمعرات سے انٹرنیٹ خدمات معطل ہیں۔ حکومت نے کرفیو نافذ کردیا ہے اور دیکھتے ہی گولی مارنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔x

## Japan Bankruptcies

جاپان میں بڑھتی ہوئی قیمتوں، محنت کش طبقے کی قلت اور کم ہوتی ہوئی مالی مدد کی وجہ سے سال کے پہلے نصف میں کمپنیوں کے دیوالیے پن میں 22 فیصد کا اضافہ ہوگیا۔ قرض کے معاملات کی تحقیق کرنے والی ایک کمپنی کے ایک حالیہ سروے کے مطابق جنوری سے جون تک دیوالیے پن کے کُل واقعات 4 ہزار 887 تھے، جو 2014 سے اب تک سب سے زیادہ تھے۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق اِس دوران چھوٹے اور بہت چھوٹے کاروبار، سب سے زیادہ متاثر تھے۔ اقتصادی منظر نامہ، yen کی قیمت میں لگاتار کمی آنے سے اور بھی پیچیدہ ہوگیا ہے۔ x

## Israel Houthi

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ جو لوگ ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں، انہیں اس جارحیت کی سخت قیمت چکانی پڑے گی۔ اسرائیل کے وزیراعظم نے ایک ویڈیو پیغام میں ہر محاذ پر اسرائیل کے دفاع کے عزم کااظہار کیا ہے۔ جناب نیتن یاہو نے یہ بیان کل یمن میں اسرائیل کی جانب سے حوثی ملیشیا پر کئے گئے حملے کے تناظر میں دیا ہے۔ انہوں نے حملے کے دوران سیکڑوں میزائلوں کو روکنے پر اسرائیل اور اس کے اتحادیوں کی طرف سے کئے گئے دفاعی اقدامات کی تعریف کی ہے۔ اسرائیلی فوج نے بحیرہ احمر کے اہم بندرگاہی شہر حدیدہ میں اہم تیل کے ذخیرے اور بجلی کی تنصیبات کو نشانہ بنایا تھا۔ جواب میں یمن کے حوثی گروپ کے اعلیٰ مذاکرات کار محمد عبدالسلام نے کہا ہے کہ اسرائیلی حملے فوجی گروپ کو اسرائیلی شہروں اور بحری جہازوں کو نشانہ بنائے جانے سے نہیں روک سکتے۔ x

## Women Cricket Result

خواتین کے ایشیا کپ ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں سری لنکا کے دامبولہ میں بھارت نے متحدہ عرب امارات کو 78 رن سے شکست دے کر اپنی جیت کا سلسلہ جاری رکھا۔متحدہ عرب امارات نے ٹاس جیتا اور بھارت سے پہلے بلے بازی کیلئے کہا۔ بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ کے نقصان پر 201 رن بنائے۔ کپتان ہرمن پریت کور نے 66 رن بنائے اور وکٹ کیپر Richa Ghosh نے 64 رن بنائے اور وہ آؤٹ نہیں ہوئیں۔ 202 رن کے ہدف کے پیچھا کرتے ہوئے متحدہ عرب امارات کی ٹیم 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 123 رن ہی بنا سکی۔ اور اِس طرح خواتین کی بھارتی ٹیم نے 2 میچوں میں 4 پوائنٹس کی سبقت حاصل کرکے دونوں میچ جیت لیے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆